# 19-04-2026 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......مرکزی مملکتی وزیر شوبھا کرندلاجے۔ نے کہا ہے کہ 17۔ اپریل کا دن ہندوستانی خواتین کے لئے یوم سیاہ ہے۔

......ریاست میں رعیتو بھروسہ اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت فنڈس کی تقسیم کے لئے ریاستی حکومت کی طرف سے تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

......مرکزی وزیر کشن ریڈی نے پارلیمنٹ میں حلقوں کی از سر نو حد بندی اور خواتین ریزرویشن بل کی منظوری نہ ہونے کی مذمت کی ہے۔

......حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست میں اگلے چار دنوں تک بعض مقامات پر تیز بارش کا امکان ہے۔

RIYTHU BHAROSA

ریاست میں رعیتو بھروسہ اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت فنڈس کی تقسیم کے لئے ریاستی حکومت کی طرف سے تیاریاں کرلی گئی ہیں۔کل جئے شنکر بھولا پلی ضلع کے کاٹارم منڈل کے نستور پلی میں منعقدہ جلسے عام میں چیف منسٹر ریونت ریڈی۔ وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ اور دیگر وزراء کی موجودگی میں فنڈس جاری کریں گے۔ یاسنگی سیزن کی فصل سے متعلق سرمایہ کاری کے لئے پچھلے مہینے کی 23 تاریخ کو سدی پیٹ ضلع کے نریٹا میں منعقدہ جلسے عام میں پہلے مرحلے کے تحت 68لاکھ 89 ہزار 955 کسانوں کے لئے جملہ 3447 کروڑ روپے چیف منسٹر نے جاری کئے تھے۔ اس مرحلے کے تحت ایک ایکر تک اراضی رکھنے والوں کا احاطہ کرتے ہوئے فی ایکڑ چھ ہزار روپئے کے حساب سے 57لاکھ 44 ہزار 907۔ ایکڑ کے لئے حکومت نے مدد کی تھی۔ دوسرے مرحلے کے تحت چیف منسٹر نے کل فنڈس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پہلے مرحلے کے تحت ایک ایکڑ اراضی رکھنے والوں۔ اور دوسرے مرحلے کے تحت دو ایکڑ اراضی رکھنے والوں کی مدد کی جائے گی۔ اس سلسلے میں 45لاکھ 11 ہزار 947 کسانوں کے لئے جملہ 36لاکھ 76 ہزار 766 ایکڑ کے لئے 2206 کروڑ روپئے سے زائد فنڈس کی اجرائی کے لئے محکمہ فینانس نے احکامات جاری کئے۔

GOVERNOR-CM

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا سے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے لوک بھون میں خیر سگالی ملاقات کی۔ چیف منسٹر کے ہمراہ ۔ریاستی وزیر شریدھر بابو۔ رکن پارلیمنٹ ویم نریندر ریڈی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر شعبہ تعلیم کے علاوہ مختلف موضوعات پر چیف منسٹر نے گورنر کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ گورنر نے تعلیمی اداروں میں منشیات کی روک تھام کے لئے شعور بیداری کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسکولس اور کالجس میں داخلے کے وقت ہی طلبا سے منشیات سے دور رہنے کا عہد کرایا جائے۔ چیف منسٹر نے واضح کیا کہ گورنر کی تجاویز پر

عمل آوری کرتے ہوئے اقدامات کئے جائیں گے۔

BLACK DAY

مرکزی مملکتی وزیر شوبھا کرندلا جے۔ نے کہا ہے کہ 17۔اپریل کا دن ہندوستانی خواتین کے لئے یوم سیاہ ہے۔انہوں نے حیدرآباد میں بی جے پی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ انڈیا اتحاد خواتین خاص طور پر جنوب کے ساتھ دھوکہ کررہا ہے۔خواتین ریزوریشن کے معاملے پر کانگریس کا دوہرا معیار ہے۔انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ خاندانی سیاست کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات غلط ہے کہ حلقوں کی ازسرنو حد بندی سے جنوبی ہند کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔مرکزی مملکتی وزیر نے بتایا کہ پچاس فیصد اضافے سے تلنگانہ کو 26 اور آندھراپردیش کو 38 نشستیں فراہم ہوں گی۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریونت ریڈی حکومت ماقبل انتخابات کئے گئے وعدوں پر عمل آوری میں ناکام ہوچکی ہے۔اس موقع پر بی جے پی کے ریاستی رامچند رراو۔رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا۔کے علاوہ بی جے پی خواتین قائدین موجود تھیں۔

Sound byte

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے پارلیمنٹ میں حلقوں کی ازسرنو حد بندی اور خواتین ریزرویشن بل کی منظوری نہ ہونے کی مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے ساتھ ان کی اتحادی جماعتوں کی جانب سے بل کو روکنا تاریخی غلطی ہے۔انہوں نے بتایا کہ مجموعی طور پر سات مرتبہ خواتین بل کی اس پارٹی نے ہی مخالفت کی ہے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی ہند کے پارلیمانی حلقوں میں اضافے کے امکانات کو اپوزیشن نے اپنے سیاسی مفادات کے لئے چھوڑ دیا ہے۔کشن ریڈی نے بتایا کہ حلقوں کی ازسرنو حد بندی بل کے ذریعہ تلنگانہ میں 17 سے 26۔ٹاملناڈو میں 39 سے 59۔حلقوں میں اضافے کا مرکز نے موقع فراہم کیا تھا تاہم اپوزیشن نے اس میں رکاوٹ پیدا کی۔کشن ریڈی نے مطالبہ کہ ملک میں 70 کروڑ خواتین اور تیس کروڑ جنوبی ہند کے عوام کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر کانگریس پارٹی معذرت خواہی کرے۔

MINISTER VIVEK

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت عوامی حکمرانی کے ذریعہ عوام کے مسائل کی راست طور پر جانکاری حاصل کرتے ہوئے اس کی یکسوئی کے لئے اقدامات کررہی ہے۔دیگر جماعتوں سے بعض کارکنوں کے کانگریس میں شامل ہونے کے موقع پر ضلع سدی پیٹ مستقر میں آج منعقدہ اجلاس میں ریاستی وزیر نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ سدی پیٹ میں مسائل کی یکسوئی کرتے ہوئے اسپیشل فنڈ کے ذریعہ ترقیاتی کام کروائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ یہاں ایک ہزار بستروں والے ہاسپٹل کی ضرورت نہیں ہے۔پانچ سو بستروں والا ہاسپٹل سدی پیٹ کے لئے کافی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ان کی پارٹی کے اقتدار میں آنے کے اندرون ایک سال اہل افراد کو راشن کارڈس فراہم کرتے ہوئے باریک چاول دیئے جارہے ہیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ کے سی آر کے دور حکومت میں

ریاستی عوام پر آٹھ لاکھ کروڑ کے قرض کا بوجھ ڈال دیا گیا۔ ریاستی وزیر نے عنقریب سدی پیٹ میں اہل مستحق افراد کے لئے اندراماں مکانات کی منظوری کا اعلان کیا۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اگلے انتخابات میں سدی پیٹ بلدیہ میں کانگریس کی کامیابی ہوگی۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں سے متحدہ طور پر کام کرنے کی اپیل کی۔

VHP

وشوا ہندو پریشد کے قومی جوائنٹ سکریٹری۔ و۔ گاور کھشا مرکز کے معاون پرمکھ۔ اے کیشو راجو نے کہا کہ فطرت کے تحفظ کا واحد راستہ گائے ہے۔ اور انہوں نے تمام سے گائیوں کے تحفظ کی اپیل کی۔ حیدرآباد کے لورٹینک بینڈ ک میں بنڈ گاوشالہ میں گاوونش رکشنا سمورتھنا سمیتی کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس سے انہوں نے خطاب کیا۔ کیشو راجو نے کہا کہ ملک میں گائیوں کے خلاف کی جارہی سازشوں کو ناکام بنایا جائے۔ اور مرکزی حکومت کی جانب سے گائیوں کے لئے نافذ العمل اسکیم سے فائدہ حاصل کیا جائے۔

Sound byte

MMTS FREE

شہر حیدرآباد میں ٹریفک مسائل کی یکسوئی کے مقصد سے تلنگانہ حکومت نے ایک اہم فیصلہ کیا ہے۔ عوامی ٹرانسپورٹ کی حوصلہ افزائی کے تحت ٹرینوں میں تمام کے لئے مفت سفر کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ دو جون سے اس اسکیم کے آغاز کے لئے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر کو مکتوب روانہ کیا گیا ہے۔ حکومت نے ریلوے کے لئے اگلے سال سے دس کروڑ روپئے ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قواعد کے مطابق ریلوے بورڈ کی منظوری کے حصول کے بعد شہریوں کے لئے بہت جلد مفت ٹرین کی سہولت دستیاب ہوگی۔

BRS

بی آر ایس پارٹی کو تنظیمی سطح پر مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ پارٹی کارکنوں میں اعتماد پیدا کرنے کے مقصد سے آج شام کھمم میں منعقد شدنی جلسے عام کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ سابق ریاستی وزیر پی اجے کمار کی قیادت میں شہر میں ممتا ہاسپٹل کے احاطے میں منعقد شدنی اس اجلاس میں سابق ریاستی وزیر ہریش راو کی شرکت کی اطلاعات ہیں۔ اسی طرح پارٹی کے ارکان اسمبلی سابق ارکان اسمبلی اور متحدہ کھمم ضلع کے قائدین بھی اس اجلاس میں شرکت کریں گے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست میں اگلے چار دنوں تک بعض مقامات پر تیز بارش کا امکان ہے۔ اسی طرح فی گھنٹہ تیس تا پچاس کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی بھی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ شمالی اوو سط تلنگانہ کے بعض علاقوں میں صبح سے دوپہر تک شدید گرمی تھی اور اس کے بعد بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ جنوبی تلنگانہ کے اضلاع میں موسم گرما دیکھا جارہا ہے۔ حیدرآباد میں آج شام بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ شدید گرمی کی لہر کی وجہ سے عہدیداروں نے عوام کو صبح گیارہ بجے سے سہ پہر چار بجے تک ضروری کام کے

تحت ہی باہر نکلنے کا مشورہ دیا ہے۔

BRS DHARNA

حیدرآباد۔وجئے واڑہ نیشنل ہائی وے پر مٹی کے کٹہ کی مخالفت کرتے ہوئے یاددری بھونگیر ضلع کے چوٹ اوپل میں بی آر ایس قائدین نے آج احتجاج کیا۔انہوں نے عوام کو مشکلات میں ڈالے بغیر ایلیویٹیڈ کاریڈور کی تعمیر کا مطالبہ کیا۔آر ٹی سی بس اسٹانڈ کے سامنے سے مٹی کے کٹوں کو ہٹاتے ہوئے انڈر پاس قائم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے سابق رکن اسمبلی کے پربھاکر ریڈی کی قیادت میں ریالی نکالی گئی۔بعد ازاں نیشنل ہائی وے پر راستہ روکو احتجاج کیا گیا۔جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمدورفت میں خلل پڑا اور مسافرین کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔

FARMAR REGISTER

ضلع کلکٹر انکیت نے مشورہ دیا ہے کہ بھدرادری کتہ گوڑم کے تمام کسان فارم رجسٹریشن میں اپنا اندراج کروائیں۔انہوں نے محکمہ زراعت کے اے ڈی ایس۔اے اوز۔اے ایز۔اور می سیوا مراکز کے منیجرس کے ساتھ آن لائن فارمر رجسٹریشن سے متعلق جائزہ اجلاس طلب کیا۔ضلع کلکٹر نے مرکزی حکومت کی اسکیمات پر عمل آوری کے حصے کے طور پر فارمار جسٹریشن کو اس سے مربوط کرنے کی تفصیلات سے واقف کروایا۔ضلع کلکٹر نے ہدایت دی کہ عہدیداراور می سیوا مراکز کے آپریٹرس کسانوں میں شعور بیداری پیدا کرتے ہوئے رجسٹریشن کے عمل کو جلد سے جلد مکمل کرنے کے لئے اقدامات کریں۔

TRANSFERS

محکمہ پولیس کے نو آئی پی ایس عہدیداروں کے تبادلے کردیئے گئے۔اس سلسلے میں حکومت کے چیف سکریٹری نے کل احکامات جاری کئے۔آصف آباد۔ایڈیشنل ایس پی کے طور پر چتر نجن۔کو مقرر کیا گیا ہے۔سنگاریڈی کے لئے چیتنیا ریڈی اور جگتیال کے لئے پنڈری چیتن کا تقرر کیا گیا۔میدک ایڈیشنل ایس پی کے طور پر وکرانت کمار سنگھ۔نظام آباد ایڈیشنل ڈی سی پی کے طور پر شھمم پرکاش کو مقرر کیا گیا ہے۔ونپر تی کی ذمہ داری راجیش مینار کو سونپی گئی ہے۔عادل آباد کے لئے مونیکا کو مقرر کیا گیا ہے۔اسی طرح بھیسنہ اے ایس پی کے طور پر سائی کرن۔اونٹو اے ایس پی کے طور پر روتو یک سائی کو مقرر کیا گیا ہے۔

DRUNK AND DRIVE

راجنا سرسلہ کے ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا ہے کہ حالت نشہ میں گاڑیاں چلاتے ہوئے پکڑے جانے والوں کو جیل کی سزا کے ساتھ جرمانہ بھی ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر کے تمام پولیس اسٹیشنوں کے تحت ڈرنک اینڈ ڈرائیو مہم کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی تلاشی مہم انجام دی جارہی ہے۔ایس پی نے انتباہ دیا کہ روڈ سیفٹی کے قواعد کی خلاف ورزی پر سخت کاروائی کی جائے گی۔

DEMISE

متحدہ آندھراپردیش کے بہوجن سماج پارٹی کے سابق ریاستی جنرل سکریٹری، راجنا سرسلہ ضلع بوئن پلی رامنا پیٹ سے تعلق رکھنے والے کنم

رگھو کا خرابی صحت کی وجہ سے دیہانت ہوگیا۔ ان کی عمر 65 برس تھی ۔ رگھو کے دیہانت سے گاوں میں غم کی لہر دوڑ گئی ۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ بیٹی شامل ہے۔ آج شام ان کی آخری رسومات انجام دی جائیں گی ۔